| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: ہمارا علاقہ**

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مختلف گھروں (بنگلا، مٹی کا گھر، جھونپڑی اور فلیٹ) کی شناخت کر سکیں۔
- محلے کو صاف اور گندا رکھنے والے عوامل کے بارے میں جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ہمارا علاقہ"، لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم جماعت میں صفائی کا دن منائیں گے۔ طلبہ کو صفائی کی اہمیت بتانے کے لیے سرگرمی کروائیں۔ خالی ڈبے کی مدد سے کمرہ جماعت کے لیے کوڑادان تیار کرنے میں طلبہ کی مدد کریں۔ خالی ڈبے پر گفٹ پیپر لے کر ٹیپ کی مدد سے چاروں طرف لگادیں۔ کوڑادان تیار ہونے کی صورت میں بچوں کے گروہ بنائیں اور انھیں کہیں کہ وہ کرسی، میز، ڈیسک کو صاف کریں۔ اس کے علاوہ کمرہ جماعت کو دیواروں اور ارد گرد جگہوں سے خالی کاغذ اور بوتلیں اٹھا کر کوڑے دان میں ڈالیں۔ طلبہ کو صفائی کا دن منانے میں رہنمائی اور مدد فراہم کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- بچوں کو فلیش کارڈ کی مدد سے کوٹھی، فلیٹ، مٹی کا گھر، بنگلا اور اگلو کی تصاویر دکھائیں۔
- بچوں کو فلیش کارڈ کی مدد سے بتائیں کہ جھونپڑی کو گھاس پھوس سے تیار کیا جاتا ہے اور یہ بہت چھوٹے اور مختلف قسم کے تعمیر کیے جاتے ہیں۔
- انھیں بتائیں کہ فلیٹ ایک ایسی عمارت ہے جس میں بہت سے گھر بنے ہوتے ہیں۔ انھیں بتائیں یہ عمارت بہت اونچی ہوتی ہے اور اس میں ہمہ وقت بہت سے خاندان آباد ہوتے ہیں۔
- ان سے پوچھیں کہ کیا آپ نے کبھی فلیٹ دیکھے ہیں؟ اگر دیکھے ہیں تو کہاں؟

- انھیں بتائیں کہ مٹی کے گھر زیادہ تر گاؤں میں بنے ہوتے ہیں۔ یہ گھر مٹی اور گارے سے تیار کیے جاتے ہیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ اپنے گھر اور محلے کو صاف رکھتے ہیں۔ان سے پوچھیں کہ گندگی پھیلانے کے کیا نقصانات ہیں۔ بچوں کو صفائی کی اہمیت سے آگاہ کریں انھیں بتائیں کہ اپنے محلے کی صفائی کا خیال رکھنے سے ہم بہت سی بیماریوں سے بچ سکتے ہیں۔انھیں متن کی مدد سے محلے کی صفائی کے چند اصول بتائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (i),(ii) اور (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں وہ کون سے عوامل ہیں جو گندگی پھیلانے کا باعث بنتے ہیں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: عبادت گاہیں**

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنے محلے یا علاقے میں موجود مسجد کے متعلق جان سکیں۔ کہ وہ مسلمانوں کی عبادت گاہ ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''عبادت گاہیں'' نمایاں کر کے لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں عبادت گاہیں وہ پاک جگہیں ہوتی ہیں جہاں لوگ اپنے اپنے مذہب کے مطابق عبادت کرنے جاتے ہیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ:

- مسلمان کہاں عبادت کرتے ہیں؟
- اُن سے پوچھیں کہ کیا اُن کے محلے میں کوئی مسجد ہے؟

طلبہ کو بولنے کا بھرپور موقع دیں اور اِن کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم مسجد کے بارے میں جانیں گے۔
- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 25 پر دیے ہوئے متن کو پڑھیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور یہاں مسلمانوں کی اکثریت موجود ہے مسلمانوں کی عبادت کی جگہ کو مسجد کہتے ہیں۔ مسجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہے مسلمان یہاں نماز پڑھتے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے ہیں۔
- انھیں بتائیں کہ مسجد کا لغوی ''سجدے کی جگہ'' کے ہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ مسلمان دن میں پانچ مرتبہ نماز پڑھنے کے لیے مسجد جاتے ہیں۔
- بچوں کے اندر مساجد کا احترام پیدا کریں۔ انھیں تلقین کریں کہ مساجد کا ادب و احترام بہت ضروری ہے۔

- بچوں کو مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کی دعائیں یاد کروائیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| عبادت گاہ | عِ۔ با۔ دت۔ گاہ | عبادت کرنے کی جگہ |
| مقُدس | مقد۔ دَس | پاک جگہ |
| اکثریت | اَک۔ ثَ۔ رِی۔ یت | کثرت/زیادہ |

**اعادہ:** 2منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- مسجد کس کا گھر ہے؟
- مسلمان دن میں کتنی نماز پڑھتے ہیں؟
- آپ کے محلے کی مسجد کا کیا نام ہے؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

کیا آپ اپنے محلے کی مسجد میں جاتے ہیں؟ مسجد میں جا کر آپ کن آداب کا خیال رکھتے ہیں؟ اپنے ساتھیوں سے گفتگو کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: اوّل | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 3 | اُستاد کا نام: _____ |

سبق کا نام: عبادت گاہیں

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- دوسرے مذاہب کی عبادت گاہوں کے متعلق جان سکیں (چرچ، مندر، گوردوارہ وغیرہ)۔
- جان سکیں کہ ہمیں تمام مذاہب اور عبادت گاہوں کا احترام کرنا چاہیے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''عبادت گاہیں'' نمایاں کر کے لکھیں۔ طلبہ کو عملی سرگرمی کروائیں۔ عملی سرگرمی کروانے کے لیے طلبہ کو گروہ میں تقسیم کریں۔ انھیں گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں مسجد کا ماڈل تیار کرنے میں مدد فراہم کریں۔ گتے کے خالی ڈبے، کارڈز پیپر اور دوسری چیزیں استعمال کرتے ہوئے اپنے مسجد کا ماڈل تیار کریں۔ انھیں سب سے پہلے مسجد کا خاکہ تیار کرنے کو کہیں۔ بعدازاں اس خاکے پر سبز رنگ کا گنبد اور مختلف مینار وغیرہ کے ماڈل چسپاں کرنے کو کہیں۔ اس سرگرمی کے دوران میں کمرہ جماعت میں چکر لگائیں اور جائزہ لیں۔ مشکل پیش آنے کی صورت میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔ ماڈل کو مقررہ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ماڈل مکمل کروانے کے بعد اسکول میں مناسب جگہ پر رکھوائیں جہاں باقی بچے بھی اس ماڈل کو دیکھ سکیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 25 پر دیے ہوئے متن کو پڑھیں۔
- طلبہ کو مسجد کی دہرائی کرواتے ہوئے بتائیں کہ یہ مسلمانوں کی عبادت گاہ ہے جہاں مسلمان دن میں پانچ بار نماز ادا کرنے جاتے ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ مسلمانوں کی طرح دوسرے مذاہب کے لوگ بھی اپنی عبادت گاہوں میں عبادت کرنے جاتے ہیں۔انہیں بتائیں مسیحی عبادت کے لیے چرچ جاتے ہیں۔ جس کو گرجا گھر بھی بولا جاتا ہے۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 25 سے تصاویر پر انگلی رکھتے ہوئے گرجا گھر کی تصویر دکھائیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مذاہب | مَ۔ذا۔ہِب | مذہب کی جمع |
| چرچ | چ۔ر۔چ | مسیحیوں کی عبادت گاہ |
| مندر | مَن۔دِر | پوجا کی جگہ |
| گردوارہ | گر۔د۔وارہ | سکھوں کی عبادت گاہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (i) کا جواب طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کروائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کیا آپ کے گھر کے پاس کسی دوسرے مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی عبادت گاہ ہے؟ انہیں بتائیں ہمیں تمام مذاہب کا احترام کرنا چاہیے۔